مجلہ مُعلّم | مدیر اعلیٰ پروفیسر شبیر احمد منصوری (متعدد معاونین)۔ بہ اہتمام تنظیم اساتذہ پاکستان ۔ ۸۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ بدل اشتراک دس روپے۔

اسلامی نظامِ تعلیم کا علمبردار یہ مجلہ اپنے مقصد کے مطابق اچھے اچھے مضامین کا مجموعہ ہے۔ خصوصاً وہ مضامین جو افغان تعلیمی کانفرنس پشاور یا تعلیمی کانفرنس لاہور میں پیش کئے گئے، فکر انگیز ہیں۔ "قافلہ تنظیم وادیٔ کشمیر میں" (از وقار علی کاری)۔ ایک دلچسپ روئیداد ہے۔ ایک مقالہ "قبل ابتدائی تعلیم" (عزیز احمد مرزا)، ملک کے اہلِ شعور و درد کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے۔ انہوں نے مروج ابتدائی درجوں کی درسی کتابوں کے اقتباس دے کر دکھایا ہے کہ وہ دینی اور تہذیبی لحاظ سے کتنی تباہ کُن ہیں۔ آخر میں اخبار و اطلاعات کا باب ایک اچھا تجربہ ہے۔

رسالہ محنت کار | ایڈیٹر: صفدر حسن صدیقی ۔ مقامِ اشاعت: ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن لاہور۔ قیمت فی شمارہ (۴۸ بڑے صفحات) دس روپے۔

یہ رسالہ مزدوروں کے مسائل اور تحریکات اور نزاعات سے متعلق ہے۔ اس کے تین شمارے فروری، مارچ، اپریل سامنے ہیں۔ محنت کاروں میں کیا کام کیا جاتے اور کس نہج سے کیا جائے اور جو کچھ ہو رہا ہے اس میں درست کیا ہے اور غلط کیا ہے، ان سوالوں کے کئی کئی جوابات پائے جاتے ہیں۔ میں نے اسلامی نظریۂ حیات کے تحت سوچا کہ دعوت اِلی اللہ، تحریک اخلاقِ حسنہ اور محنت کاروں کے حقوق کی بحالی کی تحریک کو کیسے ہم آہنگ کیا جا سکتا ہے۔ آخر سوچ سوچ کر عاجز ہوا تو اس نتیجے پہ پہنچا کہ ایک شریف و نفیس دوست کا رسالہ ہے، اس کو بس دوست کا تحفہ ہی سمجھنا چاہیے۔ باقی دُنیا جانے اور اس کے جھمیلے۔

ماہنامہ آموزگار | مدیر اعلیٰ: اکبر رحمانی ۔ مقام اشاعت: کاشانہ سہیل، ۳۷ بھوانی پیٹھ، جلگاؤں ۴۲۵۰۰۱ (بھارت)، قیمت فی شمارہ ۳/۰ روپے سالانہ ۳۵/۰ روپے (پاکستان اور دوسرے ممالک کے لیے شرحیں الگ)۔